سہارا شہر میں ہوئی آدی شکتی کی کماری پوجا، سندور کھیلا آج

سہارا شہر میں منعقد شاردیہ درگا اتسو میں مہانومی کے موقع پر آہوتی دیتے ہوئے سہارا انڈیا پریوار کے اسسٹنٹ مینیجنگ ورکر جناب سوشانتو رائے اور ان کی اہلیہ محترمہ رچا رائے۔ سندھیا آرتی کرتے ہوئے سہارا انڈیا پریوار کے مینیجنگ ورکر و چیئرمین سہارا شری سبرت رائے سہارا، ڈپٹی مینیجنگ ورکر جناب او پی شریواستو، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ورکر جناب اشوک رائے چودھری، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ورکر محترمہ کم کم رائے چودھری، وائس چیئرپرسن محترمہ سوپنا رائے، سینئر رکن محترمہ موسمی رائے، محترمہ رچا رائے اور محترمہ پکھراج نیوگی۔ (تصاویر: سوپن پال/ایس این بی)

شاردیہ درگا اتسو کے موقع پر ڈھاک بجاتے ہوئے ڈھاکیے۔

لکھنؤ (ایس این بی) سہارا شہر (گومتی نگر) میں پیر کو درگا اتسو کے پانچویں دن مہا نومی کی پوجا مختلف انشٹھانوں کے ساتھ مکمل ہوئی۔ صبح سے ہی پوجا کا آغاز ہوا اس میں مہا اشنان، منگل آرتی وغیرہ ہوئی۔ اس کے بعد مہا نومی کی مخصوص پوجا آدی شکتی کی کماری پوجا کی گئی۔ اگلے مرحلہ میں دیوی ماں درگا، لکشمی، گنیش، سرسوتی، کارتک کے ساتھ ہی سنگھ، چوہا، الّو، ہنس، مور وغیرہ کی کئی طرح سے آرتی کی گئی۔

اس کے بعد پشپانجلی میں سہارا انڈیا پریوار کے سبھی اراکین نے حصہ لیا۔ پوجا کا سلسلہ مسلسل جاری رہا۔ اس میں بے حد اہم بلیدان (بلی) انشٹھان ہوا۔ اس انشٹھان میں مہا مائی سے پرارتھنا کی جاتی ہے کہ ہماری آسُری پرورتیاں ختم ہوں اور ہمارے دل میں دویہ پرکرتی کا دوبارہ قیام ہو۔ درگا اتسو کے مکھیہ پروہت پنڈت سدیپ رائے چودھری نے علامتی طور سے ایک لوکی کا بلیدان (بلی) کر کے انشٹھان مکمل کیا۔

سہارا انڈیا پریوار کے منیجنگ ورکر اور چیئرمین سہارا شری سبرت رائے سہارا نے کی ماں درگا کی دھنوچی آرتی

اس موقع پر سہارا انڈیا پریوار کے مینیجنگ ورکر و چیئرمین سہارا شری سبرت رائے سہارا، وائس چیئرپرسن محترمہ سوپنا رائے، سینئر رکن محترمہ موسمی رائے، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر ورکر جناب اشوک رائے چودھری، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر ورکر محترمہ کم کم رائے چودھری، اسسٹنٹ مینیجنگ ورکر جناب سوشانتو رائے اور ان کی اہلیہ محترمہ رِچا رائے، سینئر ایڈوائزر جناب انل وکرم سنگھ، سینئر رکن جناب سمراٹ نیوگی اور ان کی اہلیہ محترمہ پکھراج نیوگی، محترمہ پرینکا سرکار، محترمہ شوانکا چندا اور محترم جُگانتو رائے نے خاص طور سے حصہ لیا۔ اس کے بعد ماں درگا کی پوجا کی گئی۔ پھر ہون شروع ہوا۔ اس میں 108 مرتبہ آہوتیاں دی گئیں۔

آہوتیاں دینے والوں میں خاص طور سے وائس چیئرپرسن محترمہ سوپنا رائے، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر ورکر محترمہ کم کم رائے چودھری، اسسٹنٹ مینیجنگ ورکر جناب سوشانتو رائے اور ان کی اہلیہ محترمہ رچا رائے، سینئر رکن محترم سمراٹ نیوگی اور اہلیہ محترمہ پکھراج نیوگی خاص طور سے شامل تھیں۔ منتروچار کر رہے پروہت پنڈت سدیپ رائے چودھری نے بتایا کہ ہون میں آہوتیاں دیتے ہوئے ماں درگا سے پرارتھنا کی گئی کہ ہمارے اندر کی لاعلمی کو دور کر کے سبھی خامیوں کو بھسم کریں۔

شام کو سندھیا آرتی ہوئی۔ اس میں دھنوچی آرتی، پنچ دیپ آرتی، شنکھ پشپ آرتی وغیرہ کئی طریقوں سے ماں درگا کی آرتی کی گئی۔ اس موقع پر سہارا انڈیا پریوار کے مینیجنگ ورکر و چیئرمین سہارا شری سبرت رائے سہارا، ڈپٹی مینیجنگ ورکر جناب او پی شریواستو، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر ورکر جناب اشوک رائے چودھری اور سینئر ایڈوائزر جناب انل وکرم سنگھ نے ایک ساتھ دھنوچی لے کر ماں درگا کی آرتی کی۔ اسی طرح وائس چیئرپرسن محترمہ سوپنا رائے، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر ورکر محترمہ کم کم رائے چودھری، سینئر رکن محترمہ موسمی رائے، محترمہ رینو پرکاش، محترمہ رچا رائے، محترمہ پکھراج نیوگی نے بھی اجتماعی طور سے آرتی میں حصہ لیا۔

اس موقع پر ڈپٹی مینیجنگ ورکر جناب جے برت رائے، اسسٹنٹ مینیجنگ ورکر جناب سوشانتو رائے، جناب جگانتو رائے سمیت سہارا انڈیا پریوار کے بہت سے سینئر اور جونیئر کرتویہ یوگی موجود تھے۔ منگل کو مہادشمی کی پوجا میں خاص طور سے اپراجیتا پوجا، سوبھاگیہ وتی خواتین کے ذریعہ 'سندور کھیلا' ہوگا۔ اس کے بعد پرتیما سیرائی جائے گی۔

سیکورٹی فورسز اور جنگجوؤں کے درمیان تصادم

3 دہشت گرد ہلاک ❖ تصادم کے دوران ایک عام شہری زخمی ❖ احتجاجیوں کی سیکورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپیں

سری نگر (یو این آئی) جنوبی کشمیر میں ضلع پلوامہ کے کاونی اونتی پورہ علاقے میں سیکورٹی فورسز اور جنگجوؤں کے درمیان ہونے والے ایک تصادم میں لشکر طیبہ سے وابستہ دو مقامی جنگجو مارے گئے ہیں۔ مہلوک جنگجوؤں کی شناخت کاونی اونتی پورہ کے رہنے والے اُفید فاروق لون عرف ابو مسلم اور محمد عباس بٹ کے طور پر ظاہر کی گئی ہے۔ تصادم کے دوران ایک عام شہری بھی زخمی ہوا ہے جس کی شناخت سبزار احمد بٹ کے طور پر کی گئی ہے۔ جنوبی کشمیر کے ڈی آئی جی اتل کمار گوئل نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ ضلع اونتی پورہ کے کاونی میں پیر کی شام دیر گئے شروع ہونے والے تصادم میں دو جنگجو مارے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہلوک جنگجو لشکر طیبہ سے وابستہ تھے جن کے قبضے سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے۔

سرکاری ذرائع نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ کاونی اونتی پورہ میں جنگجوؤں کی موجودگی سے متعلق خفیہ اطلاع ملنے پر فوج، جموں وکشمیر پولیس کے اسپیشل آپریشن گروپ اور سی آر پی ایف نے مذکورہ علاقہ میں پیر کی شام دیر گئے تلاشی آپریشن شروع کیا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی آپریشن کے دوران علاقہ میں موجود جنگجوؤں نے سیکورٹی فورسز پر فائرنگ کی، جوابی فائرنگ کے بعد طرفین کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ منگل کی صبح مسلح تصادم کی جگہ سے ایک جنگجو کی لاش برآمد ہوئی۔ اس کے بعد طرفین کے درمیان ایک بار پھر فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں مزید ایک جنگجو مارا گیا۔

سرکاری ذرائع نے بتایا کہ مہلوک جنگجوؤں کی شناخت کاونی اونتی پورہ کے رہنے والے اُفید فاروق لون عرف ابو مسلم اور محمد عباس بٹ کے طور پر ظاہر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہلوک جنگجو لشکر طیبہ سے وابستہ تھے اور کئی حملوں میں ملوث تھے۔ اُفید فاروق 4 جولائی 2018ء کو لاپتہ ہوا تھا اور بعد ازاں اس کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس میں اسے اے کے 47 رائفل تھامے دیکھا گیا تھا۔ تصادم کے دوران احتجاجیوں کی سیکورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپیں بھی ہوئیں۔ جھڑپوں کے دوران کتنے افراد زخمی ہوئے یہ فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکا۔ جموں وکشمیر کو آئین ہند کی دفعہ 370 اور دفعہ 35 اے کے تحت حاصل خصوصی اختیارات کی منسوخی اور ریاست کو دو مرکزی زیر انتظام والے علاقوں میں تقسیم کرنے کے اعلان کے بعد یہ ملی ٹنسی کا گڑھ مانے جانے والے جنوبی کشمیر میں ہونے والا پہلا مسلح تصادم ہے۔ 5 اگست سے قبل جنوبی کشمیر میں سیکورٹی فورسز اور جنگجوؤں کے درمیان جھڑپیں اور کارڈن اینڈ سرچ آپریشنز ایک معمول تھا۔ پولیس سربراہ دلباغ سنگھ نے گزشتہ روز خطہ پیر پنچال کے ضلع راجوری میں نامہ نگاروں کو بتایا کہ وادی کشمیر میں موجود جنگجوؤں کی تعداد 200 سے 300 ہے۔ ان کا کہنا تھا: ' جنگجوؤں کی تعداد کم زیادہ ہوتی رہتی ہے۔ ان کی تعداد 200 سے 300 ہے۔

دوسری طرف جموں وکشمیر کے ضلع پلوامہ میں منگل کے روز سیکورٹی فورسز کی تلاشی مہم اور محاصرے کے دوران شروع ہوئے تصادم میں ایک جنگجو مارا گیا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے جنگجوؤں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع موصول ہونے کے بعد آج صبح ضلع پلوامہ کے اونتی پورہ کے بیرونی علاقے میں واقع ایک گاؤں میں محاصرہ اور تلاشی مہم شروع کی۔ سکیورٹی فورسز کے جوان جب ایک مخصوص علاقے کی طرف جا رہے تھے کہ وہاں چھپے ایک جنگجو نے ان پر فائرنگ کی جس کے بعد سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کی جس کے بعد تصادم شروع ہو گیا۔ انہوں نے بتایا کہ تصادم میں ایک جنگجو مارا گیا اور اس کی تحویل سے گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے۔ جنگجو کی شناخت کی جا رہی ہے۔ آخری اطلاع موصول ہونے تک سکیورٹی فورسز کی مہم جاری تھی۔

امت شاہ نے الیکشن کی تشہیری مہم کا آغاز کیا

بیڑ (ایجنسیاں) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے صدر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے یہاں وجے دشمی کے موقع پر مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے پارٹی کی انتخابی اور تشہیری مہم کا آغاز کیا۔ مسٹر شاہ یہاں پرلی اسمبلی سیٹ سے پارٹی کے امیدوار اور وزیر پنکجا منڈے کے حق میں انتخابی ریلی سے خطاب کر رہے تھے۔ اس دوران انہیں روایتی پگڑی پہنا کر خیر مقدم کیا گیا۔ انہوں نے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت دلتوں، محروموں اور پچھڑے طبقات کے لیے کام کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ دلتوں کی ترقی کے لیے بابا صاحب امبیڈکر نے جو تصور کیا تھا، یہ حکومت اسی پر کام کر رہی ہے۔ مسٹر شاہ نے کہا کہ گذشتہ الیکشن کے دوران وہ یہاں بھگوان بابا کے گاؤں ساور گاؤں آئے تھے اور پانچ سال کے بعد دوبارہ آئے ہیں۔ مسٹر بابا نے محروموں کے لیے کام کیا تھا جسے گوپی ناتھ منڈے نے آگے بڑھایا اور اب اسے محترمہ پنکجا منڈے آگے بڑھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھگوان بابا کی یادگار قائم کرنے کا اعلان ان کی موجودگی میں محترمہ پنکجا منڈے نے کیا تھا، اب یہ یادگار انہوں نے ٹرسٹ کے توسل سے کھڑی کر دی ہے۔

دہشت گردوں کو اس کے گھر میں گھس کر مارا جائے گا: جاوڈیکر

جے پور (یو این آئی) اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر پرکاش جاوڈیکر نے پاکستان کا نام لیے بغیر آج کہا کہ ہندوستان میں دہشت گردی کرنے والوں کو ہندوستان ان کے گھر میں گھس کر مارے گا۔ مسٹر جاوڈیکر نے آج یہاں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے نومنتخب ریاستی صدر ستیش پونیا کے عہدہ سنبھالنے کے موقع پر منعقد پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان نے بالاکوٹ میں سرجیکل اسٹرائک کر کے یہ ثابت کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج فرانس جا رہے ہیں جنگی طیارہ رافیل کی پوجا کرنے کے بعد اسے ہندوستان لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ رافیل طیارہ آجانے کے بعد ہندوستان کی فوجی قوت میں اضافہ ہوگا۔ جاوڈیکر نے دعویٰ کیا کہ بی جے پی واحد سیاسی جماعت ہے جس میں وراثت اور معاشی استعداد کی بنیاد پر نہیں بلکہ محنت، صلاحیت اور لگن کی بنیاد پر کارکن عہدیدار بن سکتا ہے۔

بگ باس سیزن 13 کے منتظمین پر فحاشیت پھیلانے کا الزام

لونی (ایس این بی) کل ہند برہمن مہاسبھا نے گزشتہ روز غازی آباد کے پرانے بس اسٹینڈ پر ٹی وی شو بگ باس کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اداکار سلمان خان کا پتلا نذر آتش کیا۔ الزام ہے کہ ٹیلی ویژن شو بگ باس میں ان کی میزبانی میں فحش اداکاری کر کے ہندو ثقافت کی توہین کی جا رہی ہے۔ لہٰذا شو کو بند کر دیا جائے اور اس کے منتظمین کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ مہاسبھا کنفیڈریشن آف آل انڈیا ٹریڈرز (سی اے ٹی) نے بھی بگ باس کے خلاف آواز اٹھائی ہے، اور مرکزی وزیر اطلاعات نشریات پرکاش جاوڈیکر سے ٹی وی شوز کی نشریات پر فوری پابندی کا مطالبہ کیا ہے۔ سی اے ٹی کا کہنا ہے کہ سیریل بہت ہی فحش اور بے ہودہ ہے۔ گھریلو ماحول میں اسے دیکھنا بہت مشکل ہے۔ یہ شو ملک کی روایتی معاشرتی اور ثقافتی اقدار کے خلاف ہے۔ یاد رہے کہ اس بار شو کی

مراٹھواڑہ کی 46 نشستوں کیلئے 676 امیدوار میدان میں

اورنگ آباد (یو این آئی) مہاراشٹر اسمبلی میں مراٹھواڑہ کی 46 سیٹوں پر آئندہ 21 اکتوبر کو ہونے والے انتخابات کے لئے کل 676 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ پیر کو

کووند، نائیڈو، مودی کی دسہرے کی مبارکباد

نئی دہلی (یو این آئی) صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند، نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے منگل کو ملک کے عوام کو دسہرے اور وجے دشمی کی مبارکباد دی اور ان کے سکھ اور خوشحالی کی دعا کی۔ صدر جمہوریہ نے لوگوں کو دسہرے کی مبارکباد دیتے ہوئے ایک ٹویٹ میں کہا کہ دسہرے کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد اور دعائیں۔ یہ تہوار برائی پر اچھائی کی جیت کا تہوار ہے۔ اس تہوار کے ذریعہ سے ہمیں زندگی میں ایمانداری اور سچائی کے راستے پر چلنے کی تحریک ملتی ہے۔ نائب صدر نے دسہرے کی مبارکباد دیتے ہوئے کئی ٹویٹ کئے اور کہا، ''وجے دشمی کے موقع پر ملک کے عوام کو دل سے مبارکباد دیتا ہوں۔ یہ موقع ہمارے سناتن اقدار جیسے برائی پر سچائی کی جیت، خواتین کی ذہانت اور صلاحیت کا احترام، جمہوریت ہم آہنگی، مساوات اور رواداری کے تئیں ہماری مشترکہ عقیدت کا تہوار ہے۔

اردو میڈیم کے طلبا کو احساس کمتری میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں

تعلیم یافتہ اور قابل مسلم نوجوانوں کی راہ میں کبھی تعصب حائل نہیں ہوگا: ڈاکٹر ظہیر قاضی کی مسلم طلبا و طالبات کو نصیحت

ASSOCIAT
OF ALL GOA
JAMAT
Annual

ممبئی (ایس این بی) ممبئی اردو میڈیم اسکولوں کے طلبا احساس کمتری میں مبتلا ہونے کے بجائے خود کو اس قابل بنائیں کہ تعصب کے باوجود انہیں کوئی شعبہ جات میں محرومی کا سامنا نہ کرنا پڑے کیونکہ آج وقت کا تقاضہ یہ ہے کہ مسلمان اعلی تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ہر سطح پر آگے بڑھیں۔ اس قسم کی نصیحت انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے گوا میں ایسوسی ایشن آف گوا مسلم جماعت کے زیر اہتمام منعقدہ تعلیمی جلسہ اور طلبا کو اعزاز سے نوازے جانے والی تقریب سے کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کی تعلیمی حالت بہتر ہوئی ہے لیکن یہ انتہائی تشویشناک ہے کہ لڑکے تعلیمی میدان میں پسماندگی کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں۔ اس پورے ہال میں 80 فیصد لڑکیاں ایسی ہیں جنہوں نے 80 سے 90 فیصد نمبرات حاصل کر کے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے جبکہ ان کے مقابلے لڑکے صرف 20 فیصد ہی ہیں، جبکہ ہمارے مسلمانوں میں لڑکوں میں تعلیمی اہمیت کو اجاگر کرنا بہت ضروری ہے انہوں نے کہا کہ اج ہم یہ سمجھتے ہیں کہ مادری زبان میں تعلیم نوکری حاصل